جب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی، تو میرے گھر میں تھوڑے سے جَو کے سوا جو ایک طاق میں رکھا ہوا تھا اور کوئی چیز ایسی نہیں تھی، جو کسی جگر والے (جاندار) کی خوراک بن سکتی میں اسی میں سے کھاتی رہی، یہاں تک کہ کافی عرصہ گزر گیا پھر میں نے اسے ناپا تو وہ ختم ہو گیا

عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، وہ بیان کرتی ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی، تو میرے گھر میں تھوڑے سےجَو کے سوا جو ایک طاق میں رکھا ہوا تھا اور کوئی چیز ایسی نہیں تھی جو کسی جگر والے (جاندار) کی خوراک بن سکتی میں اسی میں سے کھاتی رہی، یہاں تک کہ کافی عرصہ گزر گیا پھر میں نے اسے ناپا تو وہ ختم ہو گیا

[صحیح] [متفق علیہ]

عائشہ رضی اللہ عنہا بتا رہی ہیں کہ نبی ﷺ کی جب وفات ہوئی، تو ان کے گھر میں تھوڑے سے جَو کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں تھا "شَطْرُ شَعيرٍ" کے معنی تھوڑے سے جَو کے ہیں، جیسا کہ امام ترمذی نے بیان کیا ہے عائشہ رضی اللہ عنہا ایک مدت تک اسی جو کو کھاتی رہیں جو نبی ﷺ چھوڑ کر گئے تھے جب انہوں نے اسے وزن کر لیا تو وہ ختم ہو گیا یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس تھوڑے سے اناج میں آپ ﷺ کی برکت شامل رہی، لیکن اسے وزن کیے بغیر، جو کہ توکل پر دلالت کرتا ہے خرید وفروخت کے وقت وزن کرنا مطلوب ہے اس لئے کہ بیچنے اور خریدنے والے کے حقوق اس سے وابستہ ہیں، البتہ خرچ کرتے وقت وزن (حساب) کرنا مستحب نہیں ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/4239